21 مارچ 2014ء

جولائی تا فروری کے دوران بینکوں کے زرعی قرضوں کی تقسیم میں اضافہ

جولائی سے فروری 2014ء کے دوران بینکوں نے 218.3 ارب روپے کے زرعی قرضے تقسیم کیے جبکہ مالی سال 14-2013ء کا ہدف 380 ارب روپے ہے۔ یہ تقسیم سالانہ ہدف کا 57.4 فیصد اور گذشتہ برس کی اسی مدت میں تقسیم کیے گئے 196.1 ارب روپے سے 11.0 فیصد زیادہ ہے۔ زرعی قرضے کا واجب الادا پورٹ فولیو 39.3 ارب روپے (16.8 فیصد) بڑھ گیا ہے یعنی پچھلے سال کی اسی مدت کے مقابلے میں آخر فروری 2014ء میں 234.1 ارب روپے سے بڑھ کر 273.4 ارب روپے ہو گیا۔

گروپ کی حیثیت میں پانچ بڑے بینکوں نے 113.0 ارب روپے سالانہ ہدف کے 60.1 فیصد زرعی قرضے تقسیم کیے جو گذشتہ برس کی اسی مدت میں تقسیم کیے گئے 104.2 ارب روپے سے 8.5 فیصد زائد ہے۔ بڑے بینکوں میں ایم سی بی نے اپنے ہدف کا 65.5 فیصد حاصل کر لیا، حبیب بینک اور اور نیشنل بینک نے 63.3 فیصد، یونائیٹڈ بینک نے 51.8 فیصد جبکہ الائیڈ بینک اپنے ہدف کا صرف 49.3 فیصد حاصل کر سکا۔

تخصیصی بینکوں میں زرعی ترقیاتی بینک بڑا دیہی برانچ نیٹ ورک اور انفرا سٹرکچر ہونے کے باوجود اپنے ہدف 69.5 ارب روپے میں سے 38.1 ارب روپے تقسیم کر سکا جو ہدف کا 54.8 فیصد ہے جبکہ پنجاب پراونشل کوآپریٹو بینک نے زیر جائزہ مدت کے دوران 5.0 ارب روپے تقسیم کر کے اپنے 10.0 ارب روپے کے ہدف کا 50.2 فیصد حاصل کر لیا۔

14 ملکی نجی بینکوں نے بحیثیت مجموعی اپنے ہدف کا 52.2 فیصد حاصل کیا تاہم بینک الحبیب نے اپنے ہدف کا 69.5 فیصد حاصل کیا۔ بینک آف پنجاب نے 66.1 فیصد، سندھ بینک نے 56.9 فیصد، سونیری بینک نے 52.8 فیصد، فیصل بینک نے 51.9 فیصد، بینک الفلاح نے 51.6 فیصد اور بینک آف خیبر نے اپنے سالانہ ہدف کا 50.3 فیصد حاصل کیا۔ علاوہ ازیں سمٹ بینک اپنے ہدف کا صرف 34.8 فیصد حاصل کر سکا، این آئی بی بینک 33.3 فیصد، حبیب میٹرو پولیٹن بینک 27.9 فیصد، عسکری بینک 24.6 فیصد، سمٹ بینک 19.2 فیصد اور کے اے ایس بی اپنے ہدف کا 17.5 فیصد حاصل کر سکے۔

بطور گروپ 7 مائکرو فنانس بینکوں نے 14.6 ارب روپے کے زرعی قرضے تقسیم کیے جو ان کے سالانہ ہدف 21.6 ارب روپے کا 67.6 فیصد ہے۔ تعمیر مائکروفنانس بینک 131.3 ارب روپے تقسیم کر کے پہلے ہی اپنا سالانہ ہدف عبور کر چکا ہے۔ یو مائکرو فنانس بینک 91.0 فیصد، پاک عمان 87.3 فیصد، خوشحالی بینک 77.7 فیصد، این آر ایس پی مائکروفنانس بینک 64.9 فیصد جبکہ فرسٹ مائکروفنانس بینک اور وسیلہ بینک اپنے اہداف کا بالترتیب 51.1 فیصد اور 30.4 فیصد حاصل کر سکے۔ اسلامی بینکوں کے زمرے میں تین اسلامی بینکوں نے بطور گروپ جولائی تا فروری 2014ء میں اپنے سالانہ اہداف کا 47.6 فیصد حاصل کیا۔

☆☆☆